3/-

اہلحدیث
یعنی
غیر مقلدین
بمقابلہ رب العلمین
مُصنّف
حضرت مفتی عبد الوہاب صاحب مدظلہ العالی
بزم اعلیٰ حضرت امام احمد رضا رضی اللہ عنہ
مرکزی دفتر لائنز ایریا، کراچی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ و نصلی و نسلم علی رسولہ الکریم

اہ افسوس کہ آج مسلمانوں کے روپ میں مسلمانوں کے دشمن سچے مسلمان کو کافر و مشرک کہتے ہیں۔ ہندو ہوں یا یہودی نصرانی ہوں یا مجوسی ان کی بابت ایک لفظ زبان پر نہیں آتا بلکہ ان کی حمایت و تائید میں توصیف و تعریف میں فخر محسوس کرتے ہیں۔ بس ایک غریب و لاچار جو اپنے کو اہلسنت و جماعت کہتا ہے۔ اکناف عالم میں بریلوی کہلاتا ہے ساری بدعتی نو ساختہ جماعتیں اس کی دشمنی پر کمربستہ ہیں طرح طرح کے بہتان گوناگوں طوفان اٹھائے جاتے ہیں اور ہر طرح سے کافر و مشرک ہونے کی مذموم صدائیں بلند کرتے ہیں جرائد و رسائل میں ان ہی اہلسنت پر گولہ باری کرتے اور بم برساتے ہیں۔ جن میں نجدی عقائد والے اگرچہ وہ دیوبندی ہوں یا تبلیغی' مودودی جماعت ہو یا غیر مقلد اہلحدیث سب ہی شامل ہیں۔ غیر مقلد جو اپنے کو اہلحدیث کہتا ہے وہ تو اکابر علماء دین و اولیائے کاملین وغیرہ جو بھی مقلد ہیں سب کو یک لخت بربنائے تقلید مشرک کہتا ہے اور شرک جو کفر سے بدرجہا بدتر ہے ہر کافر' کافر تو ہے مگر مشرک نہیں۔ مگر ہر مشرک' مشرک بھی ہے کافر بھی یہ کفر کی سب سے بدترین قسم ہے۔

غیر مقلد یعنی اہلحدیث تقلید کو شرک یعنی حنفیہ' مالکیہ' شافعیہ' حنابلہ کے مقلدین کو مشرک کہتے ہیں۔ جنمیں عامہ مومنین کے سوا۔ اکابر مذہب و علمائے دین و ملت و اولیائے کاملین شامل ہیں۔ غیر مقلدین کے دین کی "بنیاد" دین میں فقہ اور تقلید کے انکار پر مبنی ہے۔ وہ اس کو کفر و شرک کہتا ہے اور عامل بالحدیث ہونے کا دعویٰ کرتا ہے۔

آیئے ملاحظہ فرمایئے اللہ رب العالمین کیا ارشاد فرماتا ہے غور کیجئے اللہ رب العالمین ارشاد فرماتا ہے۔ :

> و ما کان المومنون لینفروا کافۃً فلو لانفرمن کل فرقۃٍ منھم طائفۃ لیتفقھو افی الدین ولینذر و اقومھم اذا رجعوا الیھم لعلھم یحذرون ○ (التوبہ ۱۲۲)

> "مسلمان سب کے سب تو باہر جانے سے رہے تو کیوں نہ ہوا کہ ہر گروہ سے ایک ٹکڑا نکلتا یعنی (ایک جماعت نکلے) کہ دین کی فقہ حاصل کریں اور واپس آکر اپنی قوم کو ڈر سنائیں۔ اس امید پر کہ وہ بچیں"

۱۔ اس آیت کریمہ سے معلوم ہوا کہ دین میں فقہ سیکھنا فرض کفایہ ہے کیوں کہ ہر مومن تو اس کا